باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت وزارت اطلاعات ونشریات حکومت پاکستان ABC CERTIFIED

روزنامہ آئینہ کوئٹہ

Daily AAINA Quetta

قیمت 5 روپے

بانی: منصور الہدیٰ عباسی

ریذیڈنٹ ایڈیٹر: فہیم الزمان ملاخیل

چیف ایڈیٹر عامر امیر اعوان

ایڈیٹر فیصل کریم

03332831889 ✻ Daily.aaina94@gmail.com

جلد نمبر 30 | بروز سوموار 17 اگست 2026ء 1447ھ ہجری | قیمت 05 روپے | شمارہ نمبر 219

آخری دہشتگرد کے خاتمے تک دہشتگردی کے خلاف جنگ جاری رہیگی، ایاز صادق

فتنہ الخوارج کے دہشتگرد ملک کے امن و استحکام اور ترقی کے دشمن ہیں، دہشتگردی کے خلاف جنگ میں پوری قوم سیکیورٹی فورسز کے ساتھ کھڑی ہے

بلوچستان سمیت ملک بھر سے دہشتگردی کے مکمل خاتمے کے لیے قومی عزم غیر متزلزل ہے، سیکیورٹی فورسز کی قربانیاں اور کامیابیاں قوم کے لیے باعثِ فخر ہیں

اسلام آباد) اے این این (اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے خاران میں انٹیلی جنس آپریشن کے دوران 7 خوارجیوں کو جہنم واصل کرنے پر سیکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے سیکیورٹی فورسز کی پیشہ ورانہ مہارت اور صلاحیتوں کی تعریف کی ہے۔ اپنے بیان میں سردار ایاز صادق نے کہا کہ فتنہ الخوارج کے دہشتگرد ملک کے امن واستحکام اور ترقی کے دشمن ہیں، دہشتگردی کے خلاف جنگ میں پوری قوم سیکیورٹی فورسز کے

بقیہ 1 صفحہ 3 پر

مقتدرہ نے حکومت سے صوبوں کے معاملے پر گفتگو نہیں کی، رانا ثنا اللہ

عوامی سطح پر صوبوں سے متعلق کوئی مقبول ڈیمانڈ نہیں ہے، سوائے صوبہ ہزارہ کے کہیں بھی عوام مطالبہ نہیں کر رہے

مسلم لیگ ن کی اعلیٰ قیادت نے نئے صوبوں سے متعلق کوئی بات نہیں کی، ہماری یہ سوچ ہے کہ عام آدمی کے مسائل اس کی دہلیز پر حل ہونے چاہئیں

اسلام آباد) اے این این (رانا ثنا کا کہنا تھا کہ جو وفاقی وزرا نئے صوبوں کا قیام چاہتے ہیں وہ کوئی فارمولا تحریری شکل میں سامنے رکھیں، وزیر اعظم کے مشیر رانا ثنا اللہ نے کہا ہے کہ مقتدرہ نے ابھی تک حکومت سے صوبوں کے معاملے پر کوئی گفتگو نہیں کی، نہ ہی یہ معاملہ ابھی تک کابینہ یا پارلیمنٹ میں زیر بحث آیا ہے۔ نجی نیوز چینل کے پروگرام میں بات کرتے ہوئے رانا ثنا کا کہنا تھا کہ

بقیہ 2 صفحہ 3 پر

لاہور، مسلم لیگ (ن) کے صدر نواز شریف آزاد کشمیر میں خواتین کی مخصوص نشستوں کے حوالے سے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

بلوچستان آپریشن میں 7 دہشتگرد ہلاک، متعدد زخمی

لجے میں کارروائی، متعدد دہشت گرد زخمی، اسلحہ، گولہ بارود، گاڑیاں اور موٹر سائیکل برآمد، صفائی کی کارروائی بھی جاری رکھی گئی

ہلاک دہشت گرد بھتہ خوری، اغوا، ٹارگٹ کلنگ اور خودکش حملوں کی منصوبہ بندی سمیت دہشت گردی کی مختلف کارروائیوں میں ملوث تھے

خاران (آئی ایس پی آر) بلوچستان کے ضلع خاران کے علاقے لجے میں سیکیورٹی فورسز نے انٹیلی جنس اطلاع پر کارروائی کرتے ہوئے 7 دہشت گردوں کو ہلاک کر دیا۔ سیکیورٹی ذرائع کے مطابق کارروائی کے دوران فتنہ الخوارج سے وابستہ

بقیہ 3 صفحہ 3 پر

بلوچستان کو معاشی طور پر مستحکم بنانا ہماری اولین ترجیح ہے، شعیب نوشیروانی

صوبے کو معاشی طور پر مستحکم بنانا اور عوام کو ریلیف فراہم کرنا حکومت کی اولین ترجیح ہے عوامی مسائل کم ہوں اور صوبہ ترقی کی راہ پر گامزن ہو حکومت تنہا کچھ نہیں کر سکتی

ترقیاتی منصوبوں میں شفافیت کو یقینی بنایا جائے گا اور جاری منصوبوں کی بروقت تکمیل حکومت کی ترجیح ہے، صوبے کو ترقی کی بلندیوں تک پہنچایا جا سکتا ہے

کوئٹہ) اے این این (وزیر خزانہ بلوچستان میر شعیب نوشیروانی نے کہا ہے کہ صوبے کو معاشی طور پر مستحکم بنانا اور عوام کو ریلیف فراہم کرنا حکومت کی اولین ترجیح ہے عوامی مسائل کم ہوں اور صوبہ ترقی کی راہ پر گامزن ہو حکومت تنہا کچھ نہیں کر سکتی، اس لیے عوام کو بھی چاہیے کہ وہ اپنے وسائل کے بہتر استعمال اور کرپشن کے خاتمے کے لیے حکومت کا ساتھ دیں بلوچستان کے عوام محنتی ہیں، اگر ہم سب

بقیہ 5 صفحہ 3 پر

کوئٹہ، وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی سے تیزاب گردی کے افسوسناک واقعے میں متاثر ہونے والی لیڈی ڈاکٹر کوثری ریسکیو کرنے والے نوجوان عبدالرزاق بگٹی اپنے بھائیوں کے ہمراہ ملاقات کر رہے ہیں

نواز شریف کی زیرِ صدارت مری میں اجلاس، آزاد کشمیر کی مخصوص نشستوں پر غور

مخصوص نشستوں کیلئے 10 خواتین کے انٹرویوز، مری ڈیولپمنٹ پلان پر پیش رفت کا بھی جائزہ لیا گیا

مری (این این آئی) مری کے گورنمنٹ ہاؤس میں مسلم لیگ (ن) کے قائد نواز شریف کی زیرِ صدارت اجلاس ہوا۔ ذرائع کے مطابق اجلاس میں آزاد کشمیر اسمبلی میں خواتین کی مخصوص نشستوں کے معاملے پر غور کیا گیا، مخصوص نشستوں کیلئے 10 خواتین کے انٹرویوز بھی کیے گئے۔ ذرائع کے مطابق آزاد کشمیر سے آنے والی لیگی خواتین کے

بقیہ 4 صفحہ 3 پر

جنرل (ر) قمر جاوید باجوہ علاج کے لیے بیرون ملک چلے گئے

دبئی میں ڈاکٹرز نے تفصیلی طبی معائنہ کیا، کچھ ٹیسٹ کے نتائج آنا باقی ہیں، واپسی کا فیصلہ ہدایات کے بعد کریں گے، فیملی ذرائع

اسلام آباد (این این آئی) سابق آرمی چیف جنرل (ر) قمر جاوید باجوہ علاج کے لیے بیرون ملک چلے گئے۔ قمر جاوید باجوہ 3 ہفتے سی ایم ایچ میں زیر علاج رہے، انہیں سر اور کمر میں چوٹ آئی تھی۔ فیملی ذرائع کے مطابق سابق آرمی چیف قمر باجوہ نے یو اے ای میں اپنا طبی معائنہ کرایا، دبئی میں ڈاکٹرز نے قمر جاوید باجوہ کا تفصیلی طبی معائنہ کیا۔ ذرائع کے مطابق قمر جاوید باجوہ کی طبیعت بہتر ہے، کچھ ٹیسٹ کے نتائج آنا باقی ہیں، چیک

بقیہ 6 صفحہ 3 پر

ایک مبینہ تاریخی ایف آئی آر کے مدعی آج بھی انصاف کی منتظر

14 اور 15 اگست 1947 کی درمیانی شب ایک گھر سے بڑی مقدار میں زیورات، قیمتی ملبوسات اور دیگر سامان چوری ہوا، رپورٹ

چنیوٹ (این این آئی) قیام پاکستان کے فوری بعد درج ہونے والی ایک مبینہ تاریخی ایف آئی آر کے مدعی آج بھی انصاف کی منتظر ہیں۔ نجی ٹی وی کے مطابق چوری کی واردات کی فرسٹ انفارمیشن رپورٹ (ایف آئی آر) تقریباً 80 سال قبل پاکستان بننے کے شاید فوری بعد کاٹی گئی تھی جس کے مجرمان کا آج تک پتہ ہی نہ چل سکا۔ اس واردات کو 8 دہائیاں بیت گئی اور تیسری نسل ختم ہونے والی ہیں تاہم ایف آئی آر کے

بقیہ 11 صفحہ 3 پر

پاکستان کے ساتھ تجارت اور سرمایہ کاری بڑھانے کے وسیع مواقع ہیں، ہسپانوی سفیر

پاکستان کی چین کی مارکیٹ میں چاول، اناجھول، آلو اور مکئی کی برآمدات بڑھانے کے امکانات کی بھی نشاندہی

اسلام آباد (این این آئی) چین کے سفیر کارلوس آراگون گل ڈی لاسرنا نے کہا ہے کہ دونوں ممالک تجارت، سرمایہ کاری، اقتصادی تعاون اور ثقافتی تعلقات کو مزید مضبوط بنا سکتے ہیں۔ چین کے سفیر کارلوس آراگون گل ڈی لاسرنا نے راولپنڈی چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری (آر سی سی آئی) کے دورے کے دوران تاجروں سے ملاقات

بقیہ 16 صفحہ 3 پر

بہتر گورننس کیلئے ملک میں مزید انتظامی یونٹس بننے چاہئیں، ماہرین

اسلام آباد (این این آئی) ملکی ماہرین کے کہا ہے کہ بہتر گورننس کیلئے ملک میں مزید انتظامی یونٹس بننے چاہئیں۔ ایس ڈی پی آئی کے زیر اہتمام قومی سطح پر مباحثے کا انعقاد کیا گیا جس کا

بقیہ 14 صفحہ 3 پر

آبنائے ہرمز میں تیل کے اخراج سے ماحولیاتی نقصان کا تخمینہ کھربوں ڈالر ہو سکتا ہے، ایران

تجارتی بحری آپریشنز میں ملوث تمام فریقین کو خطے میں اس آلودگی کو صاف کرنے کی قانونی اور اخلاقی ذمہ داری قبول کرنا ہوگی، ترجمان

تہران (این این آئی) ایران نے کہا ہے کہ آبنائے ہرمز میں تیل کے اخراج سے ماحولیاتی نقصان کا تخمینہ کھربوں ڈالر ہو سکتا ہے۔ عرب ٹی وی کے مطابق ایرانی وزارت خارجہ کے ترجمان اسماعیل بقائی نے ایکس پر اپنی پوسٹ میں جزیرہ قشم کے قریب تیل کے رساؤ کی فوٹیج شامل کی اور اس واقعے کا ذمہ دار ایک غیر ملکی جہاز کو قرار دیا۔ انہوں نے لکھا کہ یہ واقعہ خطے کے ممالک کے ساحلی علاقوں میں آلودگی کی صرف ایک مثال ہے

بقیہ 17 صفحہ 3 پر

چوہدری لطیف اکبر اور وزیر اعظم آزاد کشمیر کے درمیان ملاقات

اسلام آباد (این این آئی) قائمقام صدر آزاد جموں وکشمیر چوہدری لطیف اکبر اور وزیر اعظم آزاد جموں وکشمیر فیصل ممتاز راٹھور کے درمیان ایوان صدر کشمیر ہاؤس اسلام آباد میں تفصیلی ملاقات

بقیہ 15 صفحہ 3 پر

صوبے تاریخی بنیادوں پر بنائے جائیں، ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ

کوئٹہ (یو این اے) سابق وزیر اعلیٰ بلوچستان اور نیشنل پارٹی کے مرکزی رہنما ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ نے کہا ہے کہ نیشنل پارٹی موجودہ گھمبیر حالات میں اپنی سیاسی و جمہوری جدوجہد

بقیہ 7 صفحہ 3 پر

واشنگٹن میں یوم آزادی کے موقع پر پاکستانی سفارتخانے میں قائداعظم کا مجسمہ نصب

قائداعظم کا یہ مجسمہ ہیوسٹن میں قائم قائداعظم فاؤنڈیشن کی جانب سے سفارتخانے کو بطور تحفہ دیا گیا ہے

واشنگٹن (این این آئی) امریکا کے دارالحکومت واشنگٹن میں پاکستانی سفارتخانے میں بانی پاکستان قائداعظم محمد علی جناح کا مجسمہ نصب کر دیا گیا ہے، مجسمے کی نقاب کشائی یوم آزادی کی تقریب کے دوران کی گئی جس سے پاکستان کے یوم آزادی کی تقریبات کو ایک تاریخی اور قومی رنگ ملا۔ امریکا میں پاکستان کے سفیر رضوان سعید شیخ

بقیہ 8 صفحہ 3 پر

14 اگست کو احتجاج کرنے والے ہم میں سے نہیں، اختیار ولی

پشاور (این این آئی) مسلم لیگ (ن) کے رہنما اختیار ولی خان نے پاکستان تحریک انصاف کو شدید تنقید کا نشانہ بناتے ہوئے کہا ہے کہ 14 اگست کو احتجاج کرنے والے ہم میں سے نہیں، یہ

بقیہ 10 صفحہ 3 پر

امریکا اور پاکستان کیدرمیان دوطرفہ تجارت 8 ارب ڈالر سے تجاوز کر گئی، امریکی ناظم الامور

امریکا پاکستان کے نجی شعبے، جامعات، اختراع کاروں اور حکومتی اداروں کے ساتھ مل کر کام کرنے کیلئے پرعزم ہے، ایلی بکر

لاہور (این این آئی) پاکستان میں امریکی ناظم الامور ایلی بکر نے کہا ہے کہ امریکا اور پاکستان کیدرمیان دوطرفہ تجارت 8 ارب ڈالر سے تجاوز کر گئی ہے۔ پاکستان میں امریکی ناظم الامور ایلی بکر نے 11 اور 12 اگست کو لاہور کا دورہ کیا جہاں انہوں نے وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف اور مشیر علی ڈار سمیت کاروباری رہنماں، ٹیکنالوجی ماہرین سے ملاقاتیں کیں۔ امریکی سفارتخانے کے مطابق ملاقاتوں میں مصنوعی ذہانت (AI)، اعلیٰ

بقیہ 9 صفحہ 3 پر

جان بچانے والی 52 نئی ادویات کی قیمتیں رواں ماہ مقرر ہونے کا امکان

وزیر اعظم شہباز شریف سے وزیر صحت، خزانہ اور سی ای او ڈریپ (آج) ملاقات متوقع

اسلام آباد (این این آئی) جان بچانے والی 52 نئی ادویات کی قیمتیں رواں ماہ مقرر ہونے کا امکان ہے۔ نجی ٹی وی نے ذرائع کے حوالے سے بتایا کہ وزیر اعظم شہباز شریف سے وزیر صحت، ڈریپ حکام کی ملاقات طے پا گئی۔ ذرائع کے مطابق وزیر اعظم شہباز شریف سے وزیر صحت، خزانہ اور سی ای او ڈریپ (آج) پیر کو ملاقات متوقع ہے اس اہم ملاقات میں ہارڈ شپ کیسز، 52 نئی ادویات قیمتوں پر بریکنگ دی

بقیہ 12 صفحہ 3 پر

خیبر پختونخوا میں پی ٹی آئی میں 3 گروپ بنے ہوئے ہیں، شیر افضل مروت

27 ستمبر کو پی ٹی آئی کا مارچ نہیں ہوگا، کوئی تیاری نہیں، رکن قومی اسمبلی کی بات چیت

اسلام آباد (این این آئی) رکن قومی اسمبلی شیر افضل مروت نے کہا ہے کہ خیبر پختونخوا میں پی ٹی آئی میں 3 گروپ بنے ہوئے ہیں، 27 ستمبر کو پی ٹی آئی کا مارچ نہیں ہوگا، کوئی تیاری نہیں۔ ایک انٹرویو میں انہوں نے کہا کہ مشال یوسفزئی کے حوالے سے غصے کی وجہ یہ ہے انکا تعلق بشریٰ بی بی سے ہے، کوشش کی گئی کہ مشال یوسفزئی کو سینیٹ کا

بقیہ 13 صفحہ 3 پر

بنوں: وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا محمد سہیل آفریدی اسٹریٹ موومنٹ ریلی کے شرکا کے خطاب کر رہے ہیں

باکو میں پاکستان کا 79 واں یومِ آزادی قومی جوش و جذبے سے منایا گیا

پاکستانی سفیر قاسم محی الدین نے قائداعظم محمد علی جناح اور علامہ محمد اقبال کے وژن کو خراج عقیدت پیش کیا، پاکستان اور آذربائیجان کے برادرانہ تعلقات کو مزید مضبوط بنانے کے عزم کا اظہار

باکو (اے این این) اسلامی جمہوریہ پاکستان کے سفارتخانے باکو میں پاکستان کا 79 واں یوم آزادی قومی جوش وجذبے کے ساتھ چانسری میں ایک پروقار تقریب کے ذریعے منایا گیا۔ تقریب کا آغاز تلاوت کلام پاک سے ہوا، جس کے بعد پرچم کشائی کی تقریب منعقد کی گئی۔ اس موقع پر صدر پاکستان آصف علی زرداری، وزیر اعظم محمد شہباز شریف اور نائب وزیر اعظم و وزیر خارجہ محمد اسحاق ڈار کے یوم آزادی کے پیغامات پڑھ کر سنائے گئے۔ پاکستانی سفیر قاسم محی الدین نے اپنے خطاب میں قائداعظم محمد علی

بقیہ 19 صفحہ 3 پر

آج ملک بھر میں دھرنے دینگے، روکا گیا تو تحریک گھیراؤ میں بدل جائیگی، حافظ نعیم

جماعت اسلامی پاکستان کا آج چاروں صوبوں میں بیک وقت احتجاجی دھرنے دینے کا اعلان کیا ہے

مختلف مقامات سے مارچ کرتے ہوئے لاہور میں وزیر اعلیٰ ہاس پہنچیں گے، حکومت نے روکا تو تحریک گھیراؤ میں بدل جائے گی

لاہور) جی این ایم (جماعت اسلامی پاکستان نے ملک بھر میں بڑھتی ہوئی مہنگائی، بجلی کے بھاری بلوں، پٹرولیم لیوی میں بے پناہ اضافے اور حکومتی بدعنوانیوں کے خلاف آج چاروں صوبوں میں بیک وقت احتجاجی دھرنے دینے کا اعلان کیا ہے۔ امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمان نے منصورہ لاہور میں مرکزی قیادت کے ہمراہ ایک اہم پریس کانفرنس کرتے ہوئے ان

بقیہ 20 صفحہ 3 پر

راولپنڈی، ڈینگی کے 6 کیسز کی تصدیق، 74 ہزار گھروں سے لاروا برآمد

اسکریننگ میں 2 ہزار 656 مریض مشتبہ قرار پائے، حکام محکمہ صحت کی گفتگو

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی میں 6 مریضوں میں ڈینگی وائرس کی تصدیق ہوئی ہے۔ تمام مریضوں کا تعلق ڈھوک حسو، جنوبی کوٹھا کلاں اور کوتھریلا سے ہے۔ انسداد ڈینگی مہم کے دوران مختلف علاقوں سے بڑے پیمانے پر ڈینگی لاروا بھی برآمد ہوا۔ محکمہ صحت کے مطابق چکلالہ، پیرودھائی، ڈھوک رتہ، وارث خان، کھنہ ڈاک، گنگال، چک جلال دین اور ڈھوک منگلال کے علاقوں سے ڈینگی لاروا ملا۔ اب تک 2 ہزار 841 افراد کی ڈینگی تشخیص کے لیے اسکریننگ کی گئی، جن میں 2 ہزار 656 مریض مشتبہ قرار پائے۔ انسداد ڈینگی مہم

بقیہ 21 صفحہ 3 پر

صحت پور میں تیز رفتار ٹریکٹر کی زد میں آ کر 15 سالہ نوجوان جاں بحق، پولیس کارروائی پر سوالات

صحت پور (یو این اے) تحصیل جیا خان کے علاقے ڈپ میں سڑک عبور کرتے ہوئے تیز رفتار ٹریکٹر ٹرالی کی زد میں آ کر 15 سالہ ممتاز علی ولد صابر جنکچو موقع پر جاں بحق ہو گیا۔ مقامی

بقیہ 23 صفحہ 3 پر

حج 2027 کی درخواستوں کی وصولی 18 اگست سے شروع ہوگی، وزارت مذہبی امور

60 فیصد یعنی ایک لاکھ 7 ہزار 526 جبکہ نجی حج اسکیم کے لیے 40 فیصد یعنی 71 ہزار 684 کا کوٹہ مختص

اسلام آباد (این این آئی) حج 2027 کے لیے سرکاری اور نجی حج اسکیم کی درخواستوں کی وصولی کی تاریخ میں تبدیلی کر دی گئی ہے، اب درخواستیں 17 کے بجائے 18 اگست سے وصول کی جائیں گی۔ ذرائع وزارت مذہبی امور کے مطابق حج درخواستیں اور اخراجات آن لائن اور حبیب بینک کی مقررہ برانچوں کے ذریعے جمع کرائے جا سکیں گے، حج 2027 کی درخواستیں پہلے آئیے، پہلے پائیے کی بنیاد پر وصول کی جائیں گی اور کوٹہ مکمل

بقیہ 22 صفحہ 3 پر

پسنی میں گرین بوٹ اسکیم کی قرعہ اندازی، 20 خوش نصیب ماہیگیروں میں کشتیاں تقسیم

پسنی (یو این اے) امیر جماعت اسلامی بلوچستان و رکن بلوچستان اسمبلی مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ کی جانب سے پسنی میں گرین بوٹ اسکیم کی قرعہ اندازی اور سمندری طوفان سے متاثرہ ماہیگیروں میں امدادی چیکس تقسیم کرنے کی تقریب منعقد ہوئی، جس میں ماہیگیر برادری، محکمہ ماہی

بقیہ 24 صفحہ 3 پر

لاہور: جماعت اسلامی کے کارکنان پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے اور مہنگائی کیخلاف وزیر اعلیٰ ہاؤس کی طرف مارچ کر رہے ہیں

سردار محمد صالح بھوتانی کا ''مکہ دفاعی معاہدہ'' کا پرجوش خیر مقدم

وزیر اعظم اور فیلڈ مارشل کی قیادت میں علاقائی اور عالمی امن کے لیے کی جانے والی سفارتی اور سیاسی کوششیں قابل تحسین ہیں، صوبائی صدر

کوئٹہ ااسلام آباد (این این آئی) بلوچستان عوامی پارٹی کے صوبائی صدر سردار محمد صالح بھوتانی نے ''مکہ دفاعی معاہدہ'' کا پرجوش خیر مقدم کرتے ہوئے کہا ہے کہ مملکتِ پاکستان، مملکتِ سعودی عرب اور جمہوریہ ترکیہ کے مابین یہ معاہدہ عالمِ اسلام کے اتحاد، باہمی دفاع اور مشترکہ سلامتی کی جانب ایک اہم اور سنگِ میل قدم ہے، اس معاہدے کے تحت تینوں برادر ممالک نے خطے میں امن، استحکام اور دہشت گردی کے خلاف مشترکہ لائحہ عمل اختیار کرنے کا عزم کیا ہے۔ یہاں جاری کردہ ایک بیان میں سردار محمد صالح بھوتانی نے کہا کہ پاکستان نے اس معاہدے میں کلیدی اور محرک کردار ادا کر کے ایک بار پھر ثابت کیا ہے کہ وہ

بقیہ 25 صفحہ 3 پر

تربیلا ڈیم بھر گیا، دریاؤں میں سیلاب کا خطرہ؛ ملک بھر میں شدید بارشوں کی پیشگوئی

دریائے سندھ میں تربیلا، کالا باغ، چشمہ اور تونسہ کے مقامات پر نچلے درجے کے سیلاب کی صورتحال ہے، رپورٹ

اسلام آباد (این این آئی) مون سون بارشوں کے باعث ملک میں دریاں اور ڈیموں کی صورتحال میں نمایاں تبدیلی آئی ہے، تربیلا ڈیم اپنی آخری حد تک بھر گیا جبکہ منگلا ڈیم میں پانی کی سطح 68 فیصد تک پہنچ گئی ہے۔ دریائے سندھ میں تربیلا، کالا باغ، چشمہ اور تونسہ کے مقامات پر نچلے درجے کے سیلاب کی صورتحال ہے جبکہ آئندہ 24 سے 48 گھنٹوں کے دوران دریائے راوی اور چناب میں بھی نچلے درجے کے سیلاب کا امکان ظاہر کیا گیا ہے۔ محکمہ موسمیات کے مطابق 17 سے 19 اگست کے دوران دریائے راوی اور چناب سے ملحقہ نالوں میں درمیانے درجے کے سیلاب کا خطرہ ہے۔ آئندہ 24 گھنٹوں کے

بقیہ 31 صفحہ 3 پر

خیبر پختونخوا انفارمیشن ٹیکنالوجی بورڈ عالمی ایوارڈ کے لئے نامزد

یہ نامزدگی صوبے میں ڈیجیٹل گورننس اور عوامی خدمات کی ڈیجیٹلائزیشن کے اقدامات کا عالمی اعتراف ہے، شفیع اللہ جان

پشاور (این این آئی) خیبر پختونخوا کے انفارمیشن ٹیکنالوجی بورڈ کو عالمی ASOCIO ایوارڈ 2026 کیلئے نامزد کر دیا گیا۔ وزیر اطلاعات وتعلقات عامہ خیبر پختونخوا شفیع جان کے مطابق کے پی آئی ٹی بورڈ کا انتخاب ڈیجیٹل شعبے میں بہترین کارکردگی اور جدت کے اعتراف کے طور پر کیا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ نامزدگی صوبے میں ڈیجیٹل گورننس اور عوامی خدمات کی ڈیجیٹلائزیشن کے اقدامات کا عالمی اعتراف ہے۔ شفیع جان نے کہا کہ ایشیا و اوشیانا کی معروف ٹیکنالوجی تنظیم ASOCIO کی جانب سے یہ اعزاز حکومت اور عوام دونوں کے لیے قابل فخر لمحہ ہے، جبکہ خیبر پختونخوا ٹیکنالوجی اور ڈیجیٹل ترقی

بقیہ 32 صفحہ 3 پر

محکمہ آبپاشی بلوچستان میں کرپشن، قیمتی گاڑیاں اور مشینری اونے پونے داموں نیلام

آبپاشی میں سال 2024 کے دوران گاڑیوں، مشینری اور دیگر سامان کی دو نیلامیوں میں مبینہ بڑے پیمانے پر بے ضابطگیوں کا انکشاف ہوا ہے

بعض ایسی گاڑیاں اور مشینری بھی ناکارہ قرار دے کر نیلام کی گئیں جو معمولی مرمت اور سروس کے بعد دوبارہ قابل استعمال ہو سکتی تھیں

کوئٹہ) یو این اے (بلوچستان کے محکمہ آبپاشی میں سال 2024 کے دوران گاڑیوں، مشینری اور دیگر سامان کی دو نیلامیوں میں مبینہ بڑے پیمانے پر بے ضابطگیوں کا انکشاف ہوا ہے، جن کی محکمہ انسداد بدعنوانی نے تحقیقات شروع کر دی ہیں۔ ذرائع کے مطابق فروری اور اکتوبر میں ہونے والی نیلامیوں میں قومی خزانے کو ایک ارب روپے سے زائد کا مبینہ نقصان پہنچایا

بقیہ 26 صفحہ 3 پر

آپ کی سیرت طیبہ انسانیت کیلئے دائمی سرچشمہ ہدایت ہے: ڈاکٹر طاہر القادری

ماہ ربیع الاول میں اللہ تعالیٰ نے انسانیت کو اپنی سب سے عظیم نعمت سے نوازا، شیخ الاسلام کا خصوصی بیان

اسلام آباد (این این آئی) تحریک منہاج القرآن کے بانی و سرپرست اعلیٰ شیخ الاسلام ڈاکٹر محمد طاہر القادری نے آمد ربیع الاول کے موقع پر اپنے ایک خصوصی بیان میں کہا ہے کہ ماہ ربیع الاول ولادت مصطفیٰ کا عظیم مہینہ ہے جس میں رب کائنات نے انسانیت کو اپنی سب سے عظیم نعمت سے نوازا۔ یہی وہ مبارک مہینہ ہے جس میں محسن انسانیت، رحمت عالم، حضور نبی اکرم حضرت محمد مصطفیٰ کی ولادت باسعادت ہوئی۔ انہوں نے کہا کہ حضور نبی اکرم ؟ کی تشریف آوری نے جہالت کو علم، نفرت کو محبت، ظلم کو عدل، تفرقے کو اخوت اور گمراہی کو ہدایت میں بدل دیا۔ آپ کی سیرت طیبہ پوری انسانیت کے لیے امن، عدل، رحمت،

بقیہ 28 صفحہ 3 پر

جمہوری وطن پارٹی کے قیام کو 36 سال مکمل، بگٹی ہاس کوئٹہ میں یومِ تاسیس سادگی سے منایا گیا

کوئٹہ (یو این اے) جمہوری وطن پارٹی کے قیام کو 16 اگست 2026 کو 36 سال مکمل ہو گئے۔ 16 اگست 1990 کو شہید نواب محمد اکبر خان بگٹی نے جمہوری وطن پارٹی کی بنیاد رکھی

بقیہ 27 صفحہ 3 پر

بلوچستان کی خواتین باصلاحیت، محنتی اور باہمت ہیں، جمال شاہ کاکڑ

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) بلوچستان کے جنرل سیکرٹری ورکن قومی اسمبلی جمال شاہ کاکڑ نے کہا ہے کہ خواتین معاشرے کی نصف آبادی ہیں، ملک کی تعمیر و ترقی، جمہوری استحکام اور سیاسی عمل میں ان کا کردار بنیادی اہمیت رکھتا ہے، مسلم لیگ (ن) خواتین کو سیاسی میدان میں آگے بڑھنے اور فیصلہ سازی میں مؤثر کردار ادا کرنے کے بھرپور مواقع فراہم کر رہی ہے۔ ان

بقیہ 30 صفحہ 3 پر

اتحاد، رواداری اور محنت سے پاکستان کو معاشی قوت بنائیں گے، چوہدری سالک حسین

اتحاد، برداشت اور قومی یکجہتی سے قائداعظم کا پاکستان بنائیں گے، ڈاکٹر محمد امجد کا بیان

اسلام آباد (این این آئی) مسلم لیگ ہاؤس اسلام آباد میں جشن آزادی کی مناسبت سے پروقار تقریب منعقد ہوئی، جس کے مہمان خصوصی پاکستان مسلم لیگ کے سینئر نائب صدر اور وفاقی وزیر برائے اوورسیز پاکستانیز اینڈ ہیومن ریسورس ڈویلپمنٹ چوہدری سالک حسین تھے۔ تقریب میں چیف آرگنائزر ڈاکٹر محمد امجد، سینیٹر نیلوفر بختیار، اراکین قومی اسمبلی چوہدری محمد الیاس اور مسز فرخ خان، مرکزی سیکرٹری اطلاعات غلام مصطفیٰ ملک، سابق رکن قومی اسمبلی آمنہ سلیم، رضوان صادق خان، پیر چراغ الدین شاہ، مہرین ملک آدم، انیلہ ایاز چوہدری، یاسر منیر، عاطف مغل، رحیم اعوان، چوہدری جہانگیر سمیت مسلم لیگی رہنماؤں اور

بقیہ 29 صفحہ 3 پر

کوئٹہ، سابق وزیر اعلیٰ بلوچستان ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ، نیشنل پارٹی میں میر احمد مری کی شمولیت کے موقع پر پریس کانفرنس کر رہے ہیں



کوئٹہ، صوبائی وزیر حاجی علی مدد جتک ڈشت کلی جتک میں شہید محمد شریف جتک کے اہل خانہ سے فاتحہ خوانی کر رہے ہیں

لورالائی، میونسپل کمیٹی کے اجلاس میں کونسلرز کے سخت تحفظات، کروڑوں کی بدعنوانی کے سنگین الزامات

چیف آفیسر کی غیر حاضری، سولر لائٹس اور فنڈز میں کروڑوں کی خرد برد پر شدید احتجاج، سابق چیئرمین عزیز پٹھان

لورالائی (یو این اے) میونسپل کمیٹی کا باروال اجلاس وائس چیئرمین ظہیر کاکڑ زیر احاطہ تحصیل کی صدارت میں منعقد ہوا اجلاس میں ڈپٹی کمشنر لورالائی کیپٹن ریٹائرڈ حسیب شجاع نے خصوصی شرکت کی اجلاس میں 12 جنرل کونسلرز نے شرکت۔ کی کونسلر مولوی جمال الدین نے حالیہ شہید ہونے والوں کے ایصال ثواب کے لیے فاتحہ خوانی کرائی اجلاس میں سابق چیئرمین اکونسلر عزیز پٹھان نے کھل کر میونسپل کمیٹی کے کونسلران کو درپیش مسائل پر تفصیلی روشنی ڈالتے ہوئے کہا کہ میں مسلسل کئی سالوں سے کونسلر بنتا آیا ہوں اور ایک بار ڈسٹرکٹ کا نائب ناظم بھی رہ چکا ہوں اس بار میونسپل کمیٹی کی کارکردگی تل رہی ہے منتخب نمائندے ہونے کے باوجود ہم اپنی گلی محلوں اور وارڈوں میں صفائی تک نہیں کر سکتے ہیں وارڈ نمبر 17 کے کونسلر نے اجلاس میں بتایا کہ ہزارہ محلہ کی ایک گلی کے لیے تین بار ٹینڈرز کروا کر رقم نکالی جا چکی ہے۔۔

کوئٹہ، ایئر پورٹ روڈ پر ایک شخص ہاتھ سے بنی جھاڑو فروخت کر رہا ہے

جشنِ آزادی سائیکل ریس: بلوچستان کی شاندار کارکردگی، منصور احمد نے دوسری پوزیشن حاصل کر لی

160 کلومیٹر طویل ریس میں 69 سائیکلسٹوں کی شرکت، کوئٹہ آمد پر ٹیم کا شاندار استقبال کیا جائے گا

کوئٹہ (یو این اے) جشن آزادی پاکستان لاہور تا ساہیوال 1600 کوٹر 15 نیشنل سائیکل ریس میں بلوچستان کی شاندار کارکردگی۔ دوسری پوزیشن کی ترقی حاصل کی۔ پاکستان آرمی ۔ پاکستان واپڈا۔ سوئی سدر تھا یہ کمپنی کراچی ۔ ریلوے اور چاروں صوبوں سے چھوٹی طور پر 69 سرائیکلر وں نے شرکت کی ۔ 4 گھنٹے 44 منٹ مسلسل مسلسل طویل مسافت طے کر سائیکلسٹ ساہیوال پہنچے ۔ ایس ایس جی سی کراچی کے علی الیاس نے نے پہلی ۔ بلوچستان کے منصور احمد نے دوسری پوزیشن حاصل کی ۔ پنجاب کے معظم کے تیسری ۔ آرمی کے ارسلان نے چوتھی پوزیشن لی ۔ کمشنر ساہیوال ڈاکٹر آصف طفیل اور ڈپٹی کمشنر سیم اللہ مہمان خصوصی جبکہ پاکستانی سائیکلنگ فیڈریشن کے صدر ادریس حیدر خواجہ ۔ وقار علی ہے ریس کو پنجاب اسٹیڈیم سے رخصت کیا ۔ کامیاب کھلاڑیوں میں لاکھوں روپے کیش انعامات تقسیم کی گئی 115 پاکستانی سائنگ فیڈریشن کے صدر اور پس حیدر خواجہ سیکریٹری جنرل معظم خان پنجاب او کمپک ایسوسی ایشن کے سیکر بڑی وقار علی ۔ بلوچستانی سائیکلنگ ایسوسی ایشن کے صور لیا تحت عملی ترین ۔ چیرمین سید انور شاہ ۔ میکر بڑی گل کا کنڑ۔ نظر محمد خلجی نے کارکردگی اور ملکی سطح پر بلوچستان کی دوسری پوزیشن کا اعزاز بہت بڑی فتح ہے۔ ٹیم انچارج احمد اللہ انٹرنیشنل سائکل الٹ یکن کفایت

گوٹھ کوڑا جھلگری میں قبائلی جھگڑے کے دوران فائرنگ، ایک شخص جاں بحق

بھاگ (یو این اے) بھاگ کے علاقے گوٹھ کوڑا جھلگری میں دو فریقین کے درمیان سامنے آنے والے قبائلی جھگڑے کے دوران شدید فائرنگ کا واقعہ پیش آیا ہے۔ فائرنگ کے نتیجے میں گولی لگنے سے حق نواز ولد اللہ ڈنہ جھلگری نامی شخص موقع پر ہی جاں بحق ہو گیا۔ واقعے کے بعد متوفی کی لاش کو فوری طور پر سول ہسپتال بھاگ منتقل کیا گیا، جہاں ڈاکٹروں نے ضروری معائنے کے بعد اس کی موت کی تصدیق کر دی۔ پولیس نے واقعے کا نوٹس لیتے ہوئے کارروائی اور مزید تحقیقات شروع کر دی ہیں۔

دالبندین میں صدر میلاد کمیٹی دالبندین مولانا حبیب الرحمٰن نقشبندی کی قیادت میں عید میلاد النبی استقبالیہ ریلی کا انعقاد

دالبندین (این این آئی) صدر میلاد کمیٹی دالبندین مولانا حبیب الرحمٰن نقشبندی کی قیادت میں عید میلاد النبی کی استقبالیہ کار ریلی، شہر لبیک یا رسول اللہ کے نعروں سے گونج اٹھا تفصیلات کے مطابق ریلوے مسجد شریف دالبندین سے عید میلاد النبی کے سلسلے میں ایک شاندار استقبالیہ کار ریلی نکالی گئی، جس کی قیادت میلاد کمیٹی دالبندین کے صدر مولانا حبیب الرحمان نقشبندی نے کی اور خصوصی خطاب صاحبزادہ مفتی خان محمد القادری الہادی نے کیا اور دیگر مضافات سے بھی علمائے کرام نے شرکت کی۔۔

سوراب واقعے کے خلاف بی این پی کا کوئٹہ میں احتجاج، خواتین اور بچوں کی ہلاکت کی مذمت

کوئٹہ (یو این اے) بلوچستان نیشنل پارٹی کے مرکزی کال پر بی این پی اور بلوچ اسٹوڈنٹس آرگنائزیشن کے زیر اہتمام کوئٹہ میں احتجاجی ریلی نکالی گئی، جس میں پارٹی کے مرکزی و ضلعی رہنماں، کارکنوں اور خواتین کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ ریلی کے شرکا نے سوراب میں فضائی کارروائی کے دوران خواتین اور معصوم بچوں سمیت شہریوں کی ہلاکت اور بی این پی سربراہ سردار اختر جان مینگل کے مینیجر حاجی رجب اور گارڈ احمد کے لاپتہ ہونے کے خلاف احتجاج کیا۔

2,500 زمباد ڈرائیورز کی تصدیق شدہ فہرست کے اجرا پر اداروں کا شکریہ

فہرست مکمل میرٹ اور نادرا تصدیق کے بعد مرتب کی گئی، منفی پروپیگنڈا مسترد کرتے ہیں، آل زمباد انٹری ہولڈرز

دالبندین (یو این اے) آل زمباد 2500 ویری فائیڈ لسٹ انٹری ہولڈرز نے اپنے جاری کردہ مشترکہ پریس ریلیز میں کہا کہ 2500 افراد کی لسٹ صاف، شفاف اور تقریباً 90 فیصد میرٹ پر جاری کرنے پر ہم تمام متعلقہ اداروں کے شکر گزار ہیں۔ اداروں نے بڑی محنت اور جانچ پڑتال کے بعد یہ فہرست ترتیب دی ہے، جس سے علاقے کے 2500 خاندانوں کو باعزت روزگار کے مواقع میسر آئیں گے۔ پریس ریلیز میں مزید کہا گیا ہے کہ اس فہرست کو نادرا سے تصدیق اور مکمل جانچ پڑتال کے بعد ترتیب دیا گیا ہے، جس میں دالبندین کے تمام قبائل سے تعلق رکھنے والے غریب اور حقدار افراد کے نام شامل کیے گئے ہیں۔ دالبندین کے تمام 2500 انٹری ہولڈرز اس فہرست سے مطمئن ہیں اور اس اقدام پر فرنٹیئر کور بلوچستان (ایف سی ساتھ) کے میجر جنرل بلال سرفراز، برگیڈیئر دالبندین راجلو سعد محمود، ڈپٹی کمشنر چاغی جہانزیب نورشاہوانی سمیت دیگر تمام متعلقہ اداروں کے بے حد مشکور ہیں۔ انہوں نے کہا کہ متعلقہ اداروں نے کافی عرصے سے جاری انٹری کے مسائل کو مدنظر رکھتے ہوئے تمام افراد کی تصدیق اور جانچ پڑتال کے بعد بڑی

شاندار کرکٹ ٹورنامنٹ کا فائنل جی ایم ٹائگرز نے جیت لیا

کھیلوں کی سرگرمیاں نوجوانوں کی مثبت تربیت اور کردار سازی کے لیے ضروری ہیں، میر زین اللہ جمالی

گنداخہ (یو این اے) گنداخہ شہر میں حسام چاوڑا حق باہو کرکٹ کلب کے زیر اہتمام اور کرکٹ ایسوسی ایشن گنداخہ کے چیئرمین محمد جزیل جمالی کی نگرانی میں منعقدہ شاندار کرکٹ ٹورنامنٹ کا سنسنی خیز فائنل کھیلا گیا، جس میں جی ایم ٹائگرز نے بہترین کھیل کا مظاہرہ کرتے ہوئے بلوچ ٹائگرز کو شکست دے کر ٹورنامنٹ کی فاتح ٹرافی اپنے نام کر لی۔ فائنل میچ کے دوران گراؤنڈ میں شائقین کرکٹ کا جوش و خروش دیدنی رہا اور کھلاڑیوں نے بھرپور کھیل کا مظاہرہ کرتے ہوئے مقابلے کو دلچسپ اور یادگار بنا دیا۔ فائنل میچ کے مہمان خصوصی چیئرمین میونسپل کمیٹی گنداخہ ڈاکٹر جاوید جمالی کے بھتیجے میر زین اللہ جمالی، میر فردین خان جمالی اور میر زیشان خان جمالی تھے، مہمانوں کی آمد پر منتظمین اور شائقین کی جانب سے ان کا پرتپاک استقبال کیا گیا۔ میچ کے اختتام پر مہمان خصوصی نے فاتح ٹیم جی ایم ٹائگرز اور رنر اپ بلوچ ٹائگرز کے کھلاڑیوں میں ٹرافیاں اور نقد انعامات تقسیم کیے۔ اس موقع پر میر زین اللہ جمالی، میر فردین خان جمالی اور میر زیشان خان جمالی نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ کھیل کسی بھی معاشرے میں نوجوان نسل کی مثبت تربیت اور کردار سازی میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔

خضدار، سانحہ سوراب اور اختر جان مینگل کے فلیٹ پر چھاپے کے خلاف بی این پی کی احتجاجی ریلی

سردار اختر مینگل کے سفوی ملازمین کی بازیابی اور واقعات کی شفاف تحقیقات کا مطالبہ، لعل جان بلوچ

خضدار (یو این اے) بلوچستان نیشنل پارٹی کے مرکزی کال پر سانحہ سوراب کے خلاف خضدار میں احتجاجی ریلی کا انعقاد کیا گیا ریلی بی این پی کے ضلعی آرگنائزر چیئرمین لعل جان بلوچ اور تحصیل آرگنائزر سفر خان مینگل کی قیادت میں پارٹی آفس سے برآمد ہوئی ریلی کے شرکا مختلف شاہراہوں سے ہوتے ہوئے پریس کلب پہنچ کر مظاہرہ کی شکل اختیار کی ریلی کے شرکا سے ضلعی آرگنائزر چیئرمین لعل جان بلوچ حاجی محمد ایوب حالیزئی حاجی منیر احمد رند نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ سوراب میں نہتے شہریوں کو نشانہ بنانا کراچی سے سردار اختر مینگل کے فلیٹ پر چھاپہ مار کر ان کے ملازمین کو اغوا کرنا اور خضدار کے علاقہ گورو میں معصوم طالب علم کی شہادت مظالم کی انتہا ہے بی این پی ایسے ناانصافیوں کے خلاف کبھی خاموش نہیں بیٹھے گی ان تمام واقعات کا شفاف تحقیقات کی جائے سردار اختر مینگل کے سفوی ملازمین کو منظر عام پر لایا جائے اور بلوچستان کے مختلف علاقوں میں جاری مظالم کا خاتمہ کر کے عوام کو زندہ رہنے کا حق دیا جائے مقررین کے خطاب کے بعد ریلی و مظاہرہ کے شرکا پرامن طریقے سے منتشر ہو گئے۔

عمران خان کو فوری رہا اور ملک میں فوری نئے عام انتخابات کروائے جائیں، رحیم کاکڑ

ایران، افغانستان اور بھارت کے ساتھ تجارتی و سفارتی تعلقات بحال کیے جائیں، سابق میئر کوئٹہ

کوئٹہ (یو این اے) تحریک انصاف کے رہنما سابق میئر کوئٹہ رحیم کاکڑ نے اپنے بیان میں آرمی چیف اور چیف جسٹس سپریم کورٹ سے مطالبہ کیا ہے کہ عمران خان کو فوری رہا اور ملک وطن عزیز پاکستان کی ترقی عوام کے بہتری کے اقدامات کرنے ہوں گے ملک اس وقت معاشی طور سے تباہی کے آخری درجہ پر کھڑا ہے ہم کو اپنے تمام ہمسایوں بھارت افغانستان اور ایران کے ساتھ اپنے تعلقات بہتر بنانے ہوں گے ہمسایہ ممالک سے دوطرفہ تجارت کے رہنما اصولوں پر کار بند ہونے کے ساتھ ملک عوام بدحالی مہنگائی دہشتگردی کے خاتمہ بے روزگاری اور عوام کا اعتماد حاصل کرنے کی ضرورتوں کو مدنظر رکھتے ہوئے کام پالیسیاں ترتیب دینی ہوگی۔۔

اوتھل، پارلیمانی سیکرٹری قانون سیاحت وثقافت بلوچستان سرکٹ ہاؤس میں شہریوں کے مسائل سن رہے ہیں

دشت میں مسلح افراد کی ناکہ بندی، گاڑیوں کی چیکنگ، تین گھنٹے تک سڑک بند رہی

دشت (یو این اے) دشت کے علاقے میں توتگی روڈ سے سی پیک شاہراہ جانے والی سڑک پر نامعلوم مسلح افراد نے مبینہ طور پر ناکہ بندی کر کے گاڑیوں کی چیکنگ کی۔ مقامی ذرائع کے مطابق ناکہ بندی میں مسلح مردوں کے ساتھ خواتین بھی شامل تھیں، جنہوں نے سڑک سے گزرنے والی گاڑیوں کو روک کر چیک کیا۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ مسلح افراد کی جانب سے ناکہ بندی شام تقریباً 4 بجے شروع کی گئی جو 7 بجے تک جاری رہی، جس کے باعث علاقے میں خوف و ہراس کی فضا رہی۔ واقعے کے حوالے سے مزید تفصیلات اور مسلح افراد کی شناخت تا حال سامنے نہیں آ سکی۔۔

ضلع بھر میں تعلیمی نظام مفلوج، اسکول بنیادی سہولیات سے محروم

صحبت پور (یو این اے) ضلع صحبت پور میں تعلیمی نظام بدحالی کا شکار ہو کر رہ گیا ہے جہاں متعدد بوائز اور گرلز اسکول بنیادی سہولیات سے محروم ہیں۔ گرمی کی شدت کے باوجود اسکولوں میں پینے کا پانی میسر ہے نہ غسلخانوں پر چھتیں، جس کے باعث معصوم بچے کھلے آسمان تلے درختوں کے سائے میں تعلیم حاصل کرنے پر مجبور ہیں۔ ذرائع کے مطابق دور دراز کے علاقوں میں گرلز پرائمری اسکول یا تو مکمل بند پڑے ہیں یا پھر محض وقت گزاری کا ذریعہ بن چکے ہیں۔ انکشاف ہوا ہے کہ اصل استانیوں نے ماہانہ 6 سے 7 ہزار روپے کے عوض غیر متعلقہ متبادل خواتین کو ڈیوٹی پر رکھا ہوا

ژوب، بی ایس ڈی آئی ٹینڈرز میں بدعنوانی اور سیاسی مداخلت کے خلاف کنٹریکٹرز ایسوسی ایشن کا احتجاج

بی پیرا قوانین کی خلاف ورزی اور من پسند فرموں کو نوازنے پر کمانڈنٹ اور ڈپٹی کمشنر ژوب فوری نوٹس لیں: محمد زاہد و دیگر

ژوب (یو این اے) گورنمنٹ کنٹریکٹرز ایسوسی ایشن کے رہنماں محمد زاہد مولانا محمد آصف عبدالوحید ایوب زئی گل خان نعمت خان نقیب اللہ اور دیگر نے پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہا ہے کہ ژوب اور شیرانی میں حالیہ ٹینڈرز اور بالخصوص بی ایس ڈی آئی کے تحت ہونے والے ٹینڈرز میں سول محکموں کے افسران کی جانب سے بدعنوانی غیر قانونی شرائط اور سیاسی مداخلت کا نوٹس لیا جائے بی ایس ڈی آئی ایک خوش آئند منصوبہ ہے، جس سے پسماندہ اور ضرورت مند عوام مستفید ہو رہی ہے۔ اور انتہائی قلیل مدت میں علاقے میں کافی ترقی دیکھنے کو ملی ہے بی ایس ڈی آئی ایک شفاف اور میرٹ پر مبنی ترقیاتی منصوبوں کے تحت ترقیاتی کام کر رہی ہے جس کا بھرپور خیر مقدم کرتے ہیں انہوں نے کہا کہ بدقسمتی سے سول آفیسران کی جانب سے بی ایس ڈی آئی کو تنازعات اور کرپشن کا شکار بنانے کے لیے مختلف حربے استعمال کیے جا رہے ہیں جس کی مثال حالیہ ژوب اور شیرانی کے مختلف محکموں بالخصوص پبلک ہیلتھ انجینئرنگ، محکمہ ایریگیشن اور دیگر سرکاری محکموں میں بی پیرا کے طے شدہ قوانین کو مکمل طور پر نظر انداز کیا جا رہا ہے۔۔

ڈپٹی کمشنر چمن حبیب احمد بنگلوئی میونسپل کارپوریشن اور لوکل گورنمنٹ کی صفائی مہم کا معائنہ کر رہے ہیں

آٹے کی قیمتوں میں ہوشربا اضافے سے عوام کے لیے دو وقت کی روٹی مشکل ہو گئی، جے یو آئی

حکمران عوام کو ریلیف دینے کے بجائے کرپشن اور اقتدار کے تحفظ میں مصروف ہیں، مولانا عبدالرحمٰن رفیق

کوئٹہ (یو این اے) جمعیت علما اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر شیخ الحدیث مولانا عبدالرحمٰن رفیق، سیکرٹری جنرل حاجی عین اللہ محسن، سینئر نائب امیر مولانا خورشید احمد، مولانا محب اللہ، مولانا محمد ایوب، شیخ مولانا عبداللاحد محمد حسنی، مولانا سعید احمد، حافظ سراج الدین، مفتی محمد روزی خان بادیزئی، مولانا محمد شعیب جدون، رحیم الدین ایڈووکیٹ اور مولانا محمد عارف شمشیر نے کہا ہے کہ کوئٹہ میں آٹے کی قیمتوں میں ہوشربا اضافے کے باعث غریب عوام کے لیے دو وقت کی روٹی کا حصول بھی دشوار ہو گیا حکمران عوام کو ریلیف دینے کے بجائے اقتدار اور کرپشن کے تحفظ میں مصروف ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے عوام پہلے ہی مہنگائی بے روزگاری غربت اور معاشی بدحالی کی سنگین صورتحال سے دوچار ہیں صوبے کے وسائل کو عوام کی فلاح و بہبود پر خرچ کرنے کے بجائے بدعنوانی کی نذر کیا جا رہا ہے عوام بنیادی ضروریات زندگی کے حصول کے لیے دربدر ہیں۔ انہوں نے کہا کہ صوبے پر علی بابا چالیس چوروں کا ٹولہ مسلط ہے جسے عوامی مسائل کے حل کے بجائے کرپشن اور ذاتی مفادات سے فرصت نہیں۔ آٹے چینی اشیائے خورونوش اور دیگر ضروریات زندگی کی قیمتوں میں مسلسل اضافے نے عام آدمی کی کمر توڑ دی ہے۔ مہنگائی اور بے روزگاری کے باعث کئی خاندان شدید معاشی دباؤ کا شکار ہیں اور بعض افراد انتہائی مایوس کن حالات میں

سانحہ 5 جولائی زیارت کچ بلوچستان کی تاریخ کا سیاہ ترین باب ہے، ترجمان

کوئٹہ (یو این اے) صوبائی وزیر خوراک حاجی نور محمد خان دمڑ کے ترجمان نے کہا ہے کہ سانحہ 5 جولائی زیارت کچ بلوچستان کی تاریخ کا سیاہ ترین باب ہے، دہشت گردوں نے بزدلانہ کارروائی میں پولیس کے بہادر جوانوں کو شہید کیا، یہ صرف پولیس پر حملہ نہیں بلکہ ریاست، قانون اور بلوچستان کے امن پر حملہ تھا۔ اپنے جاری کردہ بیان میں ترجمان نے کہا کہ صوبائی وزیر حاجی نور محمد خان دمڑ نے سانحے کے پہلے روز سے عملی قیادت کا مظاہرہ کیا اور اسمبلی کے فلور سے اعلیٰ حکومتی فورمز

سابق صوبائی وزیر سردار نثار ہزارہ، ایئر کماڈور (ریٹائرڈ) شوکت حیدر چنگیزی، میجر نادر علی ہزارہ، سردار حیدر عباس، اور چیئرمین نادر علی ہزارہ اور دیگر تنظیم نسل نو ہزارہ کے زیر اہتمام جشن آزادی اور تعلیمی کارکردگی ایوارڈ کے موقع پر بچوں کے ٹیبلو دیکھ رہے ہیں

نوجوان کا کروچ نہیں، اقبال کے شاہین ہیں، پیٹر چارلس سہوترا

پاکستان مائنرٹیز موومنٹ نوجوانوں کو آئی ٹی، مصنوعی ذہانت، ای کامرس کی تربیت دے رہی ہے

کوئٹہ (یو این اے) پاکستان مائنرٹیز موومنٹ کے چیئرمین پیٹر چارلس سہوترا نے کہا ہے کہ پاکستان کے نوجوان کا کروچ نہیں بلکہ اقبال کے شاہین اور پاکستان کا روشن مستقبل ہیں، علامہ اقبال کے فلسفہ خودی اور قائداعظم محمد علی جناح کے وژن پر استوار ہماری فکری بنیادیں اس حقیقت کی عکاس ہیں کہ پاکستان کبھی ناکام نہیں ہو سکتا، نوجوان نسل اپنی فکری بنیادوں کو مضبوط کرے اور علامہ اقبال کے افکار کی روشنی میں اپنی خودی کو بیدار کرے، پاکستان مائنرٹیز موومنٹ اپنی مدد آپ کے تحت نوجوانوں کو مصنوعی ذہانت، ڈیجیٹل مہارتوں، جدید ٹیکنالوجی اور مستقبل کے تقاضوں سے ہم آہنگ کر رہی ہے تاکہ پاکستان کے نوجوان عالمی ڈیجیٹل معیشت میں اپنا مقام بنا سکیں، فری لانسنگ، آئی ٹی، مصنوعی ذہانت، ای کامرس اور دیگر جدید شعبوں میں مہارت حاصل کرنے والے نوجوان ملک کیلئے قیمتی انسانی سرمایہ ثابت ہو سکتے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز ایک تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ پیٹر چارلس سہوترا نے کہا کہ نوجوان پاکستان کا سب سے قیمتی اثاثہ اور ملک کے روشن مستقبل کی ضمانت ہیں، نوجوانوں کو تعلیم، ہنر، روزگار، کاروبار اور جدید ٹیکنالوجی کے مواقع اور ضروری وسائل فراہم کیے

پولیس مقابلے کے دوران 2 ڈکیت زخمی حالت میں گرفتار، اسلحہ برآمد

ملزمان ڈکیتی کی نیت سے کھڑے تھے، فائرنگ کے تبادلے کے بعد گرفتار کر کے ڈی ایچ کیو ہسپتال منتقل، ایس ایس پی جعفر آباد

جعفر آباد (یو این اے) جعفر آباد کے تھانہ کیٹل فارم کی حدود میں پولیس اور مسلح ملزمان کے درمیان مبینہ مقابلہ پیش آیا ہے، جس کے نتیجے میں دو ڈاکو زخمی حالت میں گرفتار کر لیے گئے۔ ایس ایس پی جعفر آباد محمد معروف عثمان کے مطابق مسلح ملزمان سڑک پر ڈکیتی کی نیت سے کھڑے تھے، اطلاع ملتے ہی ایس ایچ او محمد مراد بھنگر پولیس نفری کے ہمراہ موقع پر پہنچ گئے۔ پولیس ٹیم کو دیکھتے ہی ملزمان نے فائرنگ شروع کر دی، جس پر پولیس کی جوابی فائرنگ سے دونوں ملزمان زخمی ہو گئے اور انہیں گرفتار کر لیا گیا۔ ایس ایس پی کے مطابق گرفتار ملزمان کے قبضے سے 2 پستول برآمد ہوئے

وائس چیئرمین حاجی اسحاق مینگل کا پیٹرن انچیف ڈاکٹر فرحت حسین، فائزہ سکندر، صفیہ مینگل اور دیگر کے ہمراہ گروپ فوٹو

صوابی میں پانچ افراد کے ڈوبنے کا واقعہ، باپ، دو بیٹوں اور ایک نوجوان کی تلاش جاری

صوابی (این این آئی) ضلع صوابی میں ہنڈ کے مقام پر دریائے سندھ سے ایک لاش نکال لی گئی، باپ، دو بیٹوں اور ایک نوجوان کی تلاش جاری۔ امدادی ادارے کے مطابق جشن آزادی کے موقع پر سیر و تفریح کے لیے آنے والے افراد دریائے سندھ کے تھس ڈے پانی اور ہواں سے لطف اندوز ہو رہے تھے۔۔

قلات، ریٹائرڈ سینئر ٹیچر حاجی محمد انور مینگل کی اہلیہ انتقال کر گئیں

قلات (یو این اے) ریٹائرڈ سینئر ٹیچر حاجی محمد انور مینگل کی اہلیہ انتقال کر گئیں، وہ نوید مینگل، جنید مینگل کی والدہ، ریٹائرڈ سینئر ٹیچر حاجی محمد اکبر مینگل، حاجی محمد اکرم مینگل، سینئر کلرک پولیس بابو نواز مینگل کی بھابھی، حاجی منظور اللہ مینگل، مولوی یوسف مینگل، میر ایوب مینگل، حاجی قیوم مینگل، عادل مینگل، یاسین مینگل کی چچی تھی فاتحہ خوانی

بلوچستان میں بند تمام مسافر ٹرینیں فوری بحال کی جائیں، پاکستان ریلوے ورکرز یونین

بولان میل اور چلتن یا نواب اکبر بگٹی ایکسپریس بحال اور خالی آسامیوں پر بھرتیاں کی جائیں، محمد نسیم راہ

کوئٹہ (یو این اے) پاکستان ریلوے ورکرز یونین اوپن لائن کے مرکزی جنرل سیکریٹری محمد نسیم راہ، کوئٹہ ڈویژن کے صدر شیر محمد بلوچ، جنرل سیکریٹری محمد سلیم سرپرہ اور چیف آرگنائزر سید محمد بگٹی نے دیگر عہدیداران کے ہمراہ اپنے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ بلوچستان کے عوام کو سفری سہولیات کی فراہمی اور ریلوے نظام کی بہتری کے لیے صوبے میں بند کی گئی تمام مسافر ٹرینوں کو فوری طور پر بحال کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان پاکستان کا رقبے کے لحاظ سے سب سے بڑا صوبہ ہے، مگر بدقسمتی سے یہاں کے عوام کو ریلوے کی مناسب اور سستی سفری سہولت سے محروم رکھا جا رہا ہے۔ متعدد ٹرینوں کی بندش سے عام مسافر، مزدور، طلبہ، مریض، کاروباری افراد اور دور دراز علاقوں سے تعلق رکھنے والے شہری شدید مشکلات کا شکار ہیں۔ ریلوے کا سفر عام آدمی کے لیے نسبتاً سستا، محفوظ اور قابلِ اعتماد ذریعہ ہے، اس لیے بلوچستان میں ٹرینوں کی بحالی وقت کی اہم ضرورت ہے۔ یونین رہنماں نے بالخصوص مطالبہ کیا کہ بولان میل کوئٹہ ڈویژن سے کراچی تک فوری طور پر بحال کیا

قلات، تنظیماتِ اہلسنت کا اہم اجلاس، مرکزی میلاد کمیٹی تشکیل

آغا الطاف جان احمد زئی سرپرستِ اعلیٰ، علامہ الٰہی بخش نورانی صدر اور علامہ مفتی سمیع اللہ نقشبندی جنرل سیکرٹری مقرر

قلات (یو این اے) تنظیمات اہلسنت قلات کی طرف سے بی ایڈ آر ریسٹ ہاس میں ربیع الاول کے جلسوں، ریلیوں اور بالخصوص 12 ربیع الاول کے مرکزی جلوس کی انتظامات اور سیکورٹی کے حوالے سے اہم مشاورتی اجلاس منعقد ہوا جس میں تمام تنظیمات و علما اہلسنت قلات کی اتفاق رائے سے مرکزی میلاد کمیٹی قلات کو باقاعدہ تشکیل دے دی گئی۔ میلاد کمیٹی کی سرپرست اعلیٰ محترم المقام جناب آغا الطاف جان احمد زئی کو اور صدر حضرت علامہ الٰہی بخش نورانی، جنرل سیکرٹری علامہ مفتی سمیع اللہ نقشبندی ساسولی کو متعین کیا گیا۔

پنجگور، آٹے کے شدید بحران نے عوام کا جینا دوبھر کر دیا، 40 کلو تھیلا 6 ہزار روپے تک پہنچ گیا

پنجگور (یو این اے) پنجگور میں آٹے کی بحران نے شدت اختیار کر گیا ہے مہنگائی اور اشیا خوردونوش کی بھیجے ہوئے قیمتوں نے عام طبقے کو شدید متاثر کر دیا ہے آٹے تاریخ کی سب سے بدترین مہنگائی چالیس کلو والا آٹا پانچ ہزار آٹھ سو 5800 اور 6000 ہزار کا فروخت ہونے لگا ہے 20 کلو آٹا 2800 سے 3000 تک کا پہنچ گیا ہے۔۔

نصیر آباد، پولیس نے کراچی سے چوری ہونے والی ٹویوٹا کرولا گاڑی برآمد کر لی

کوئٹہ (یو این اے) ڈسٹرکٹ پولیس نصیر آباد نے کارروائی کرتے ہوئے کراچی کے علاقے سے چوری ہونے والی ٹویوٹا کرولا برآمد کر لی۔ پولیس کے مطابق 11 اگست 2026 کو ٹویوٹا کرولا کراچی کے علاقے شاہین کمپلیکس مین روڈ تھانہ آرام باغ صدر ڈویژن ضلع ساتھ کراچی کی حدود سے چوری ہوئی تھی۔ ایس ایچ او تھانہ ٹنگی اور انچارج 15 مددگار سینٹر نے دیگر پولیس اہلکاروں کے ہمراہ پیشہ ورانہ مہارت اور مؤثر کارروائی کرتے ہوئے چوری شدہ گاڑی برآمد کر لی۔ برآمد ہونے والی گاڑی ٹویوٹا کرولا ماڈل 2012، بلیک رنگ، رجسٹریشن نمبر LEC-5028، لاہور رجسٹریشن کی حامل ہے۔

کلی ملک عمر خان واسا اراضی پر قبضہ ختم کرانے کیلئے احتجاج کا اعلان

طویل جدوجہد کے باوجود واسا کی دس ہزار مربع فٹ اراضی واگزار نہیں کرائی گئی، عمائدین

کوئٹہ (یو این اے) انجمن اتحاد نوجوانان کلی ملک عمر خان، ائیرپورٹ روڈ کے جاری کردہ اعلامیہ میں کہا گیا ہے کہ کلی ملک عمر خان میں واسا کی اراضی پر سابق ایکسین کی جانب سے مبینہ قبضے کو ختم کرانے کے حوالے سے ہونے والے مذاکرات ناکام ہو گئے ہیں، جس کے بعد علاقائی سیاسی، قبائلی اور سماجی عمائدین نے قبضہ ختم کرانے کیلئے سخت رد عمل دینے اور احتجاجی تحریک شروع کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ اعلامیہ کے مطابق احتجاجی تحریک کے آغاز کے سلسلے میں جلد پریس کانفرنس بھی منعقد کی جائے گی۔ اعلامیہ میں بتایا گیا ہے کہ کلی ملک عمر خان کے قبائلی و سیاسی عمائدین، پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کے صوبائی سیکرٹری خوشحال خان کاسی، مشر اسماعیل، سردار عبید محمد کاکڑ، عبدالنبی صابر، حاجی صالح محمد کاکڑ، عبدالہادی پانیزئی اور حاجی شان عالم کاکڑ جبکہ منگہ واسا کی جانب سے صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ، واسا افسران فیض محمد اور ایکسین کبیر اوتمان خیل کے درمیان مبینہ قبضے کے خاتمے اور زمین واگزار کرانے کے حوالے سے مذاکرات ہوئے۔۔

بلوچستان میں ٹرانسپورٹ شعبہ تباہ ہو چکا ہے، حبیب اللہ بادیزئی

ٹرانسپورٹرز شدید مشکلات کا شکار، گاڑیوں کی اقساط کی مد میں کروڑوں روپے کے مقروض ہو چکے ہیں

